MEDIA RELEASE

7 DEC - 25 DEC
RAWALPINDI CRICKET STADIUM

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ: اے بی ایل اسٹالیئنز اور یو ایم ٹی مارخورز کی اُمیدیں

راولپنڈی، 4 دسمبر 2024ء:

اسٹالیئنز کا ٹیگ پاکستان میں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی تاریخ میں کامیابی کا ٹریڈ مارک ہے۔ سیالکوٹ اسٹالیئنز دنیا بھر میں ڈومیسٹک ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں مسلسل سب سے زیادہ 25 کامیابیوں اور آٹھ ٹائٹلز (چھ نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ، دو سپر ایٹ ٹی ٹوئنٹی کپ) جیت کا ریکارڈ رکھے ہوئے ہے۔

ان کامیابیوں میں ہمہ گیر کردار پاکستان کے سابق کپتان شعیب ملک تھے جنہوں نے اپنے آبائی شہر کی ٹیم کی قیادت کی۔

قابل تعریف استقامت اور پہچان کے ساتھ اپنے عروج کے دور میں بین الاقوامی سرکٹ کے سب سے فٹ کھلاڑیوں میں سے ایک شعیب ملک مختصر فارمیٹ میں سب سے کامیاب کرکٹرز میں سے ایک تھے جنہوں نے 13,360 رنز بنائے جو کرس گیل کے بعد دوسرے نمبر پر ہے۔

شعیب ملک کا قابل ذکر تجربہ اور تیزی نوجوانوں کے ساتھ رہے گا کیونکہ وہ اپنی ٹیم کے مینٹور ہیں۔

بحریہ ٹاؤن چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ 7 دسمبر سے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں شروع ہو رہا ہے۔ اے بی ایل اسٹالیئنز کے علاوہ اس ٹورنامنٹ میں اینگرو ڈولفنز، لیک سٹی پینتھرز، نورپور لائنز اور یو ایم ٹی مارخورز شامل ہیں جس کا فائنل 25 دسمبر کو شیڈول ہے۔

شعیب ملک کا کہنا ہے کہ ان کے لیے سب سے اہم کام کھیل سے متعلق آگاہی اور مستقل طور پر سیکھنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ ایک مینٹور کے طور پر میرا ہدف یہ ہے کہ ان کھلاڑیوں کو بحرانی صورتحال سے نمٹنے کے لیے کافی پختہ بنایا جائے میں ان کھلاڑیوں کو ایک ایسے مرحلے پر

لے جانا چاہتا ہوں جہاں وہ صورتحال کے مطابق کھیلنے کے لیے تیار ہوں۔ بیٹرز کو مختصر فارمیٹ کی ضروریات کے بارے میں بھی جاننا چاہیے۔ مقصد یہ ہے کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کو جدید انداز اور رفتار کے ساتھ کھیلا جائے جو انٹرنیشنل سطح پر کھیلی جاتی ہے۔

ہمارے پاس ایسے کھلاڑی ہیں جو مستقبل کے کھلاڑی ہیں اور مجھے یقین ہے کہ وہ اس سطح پر اپنی صلاحیتیں دکھانے کے لیے بے تاب ہوں گے۔

ہمارے پاس اسکواڈ میں اچھے اسٹروک پلیئرز موجود ہیں انہیں بھی حالات کے مطابق اپنے اسٹروک کھیلنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے پاس نوجوان کھلاڑی ہیں جو حال ہی میں ڈومیسٹک سطح پر شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کررہے ہیں

بائیں ہاتھ کے اوپنر معاذ صداقت قائداعظم ٹرافی کے 5 میچوں میں 557 رنز بنا کر امام الحق کے 635 رنز کے بعد دوسرے نمبر پر ہیں۔ لیکن یہ 19 سالہ نوجوان کا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ڈیبیو ہوگا۔

ان کے علاوہ نسیم شاہ کے چھوٹے بھائی عبید شاہ باصلاحیت بولر ہیں اس 18 سالہ نوجوان نے قائداعظم ٹرافی کے ایک میچ میں 79 رنز کے عوض آٹھ وکٹیں حاصل کی تھیں۔

مہران ممتاز اور احمد صفی عبداللہ تیزی سے ابھرتے ہوئے اسپنگ آل راؤنڈر ہیں جبکہ عبدالفصیح ایک ٹھوس ٹاپ آرڈر بیٹر ہیں جو یاسر خان کے ساتھ مل کر بیٹنگ کو متحرک کرسکتے ہیں۔ عبید کے علاوہ محمد عامر خان نے بھی تیز بولر کے طور پر اپنا نام روشن کیا ہے۔

پاکستانی انٹرنیشنل زمان خان اٹیک کی قیادت کریں گے اور حسین طلعت بھی بیٹنگ کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ ایک موثر میڈیم پیسر کے طور پر موجود ہونگے۔ اسکواڈ کے دو سب سے تجربہ کار ارکان محمد حارث اور مڈل آرڈر پاور ہٹر اعظم خان ہیں۔ چیمپئنز کپ میں اچھا مظاہرہ دونوں جارحانہ بیٹرز کو پاکستانی اسکواڈ میں دوبارہ جگہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرسکتا ہے۔

یو ایم ٹی مارخورز

پاکستان کے قومی جانور مارخور کی شناخت کی طرح یو ایم ٹی مارخورز کے مینٹور مصباح الحق بھی اپنی ٹیم کے لیے ایک حقیقی شناخت چاہتے ہیں اور وہ ہے فری اسپرٹ۔

پاکستان کے سب سے کامیاب ٹیسٹ کپتان چاہتے ہیں کہ ان کے کھلاڑی آزادی کے ساتھ کھیلیں جو اس فارمیٹ میں کھیلنے کے لیے انتہائی ضروری انداز ہے۔

مصباح الحق کہتے ہیں کہ میرے خیال میں ہمیں ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں کھیل کے انداز کے لحاظ سے دنیا سے ہم آہنگ ہونے کی ضرورت ہے۔ پی سی بی کا منصوبہ یہ ہے کہ ہم مینٹورز کے ذریعے کھلاڑیوں کو اس طرح تیار کریں کہ جب وہ پاکستان کے لیے کھیلنے کے لیے کوالیفائی کریں تو وہ اطمینان سے ہوں۔ ہم انہیں سکھانا چاہتے ہیں کہ کس طرح ایک مؤثر اور جیتنے والی کارکردگی پیش کی جائے۔ جب بھی وہ میدان میں اتریں ان کا مقصد جیتنا ہو۔ آزادی کے ساتھ کھیلنا ہی پیغام ہے۔ چاہے وہ 90 یا 100 پر آؤٹ ہو جائیں لیکن ان کے کھیل میں مقصد اور ارادہ نظر آئے اور اسی طرح وہ جارحانہ ہو جاتے ہیں، اس لیے ہمیشہ مثبت آپشنز پر توجہ دی جاتی ہے۔ اگر ہم تین سے چار کھلاڑی پیدا کرنے کے قابل ہیں تو ہمیں لگے گا کہ کام ہو گیا ہے۔

مارخورز کا سب سے قابل توجہ ٹیلنٹ آل راؤنڈر عبدالصمد کی شکل میں ہے۔ مصباح کے خیال میں ان میں پاکستان کے لیے کھیلنے کے اجزا موجود ہیں۔ ہارڈ ہٹنگ بیٹرز خواجہ محمد نافع اور محمد فیضان بھی اپنے جارحانہ انداز سے توجہ کا مرکز رہیں گے۔ آل راؤنڈر محمد شہزاد جو پاکستان انڈر 19 کی پراڈکٹ ہیں وہ بھی اس ایونٹ میں دیکھنے کے لائق کھلاڑی ہیں جبکہ بائیں ہاتھ کے تیز بولرز عاکف جاوید اور محمد عمران جونیئر بھی نہ صرف وکٹیں لینے کی اپنی صلاحیت کے ساتھ نمایاں ہو سکتے ہیں بلکہ کفایتی بائولنگ کروا کے بھی اپنا لوہا منوا سکتے ہیں۔ فاسٹ بائولر علی شفیق بھی آگے بڑھنے کے خواہاں ہوں گے۔ زاہد محمود اور محمد رمیز جونیئر مارخورز کے کلیدی اسپنر ہوں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Media, Communications and Digital Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk